(جلد دوم)

مناقب اہل بیتؑ

مشہور عربی کتاب

اَلْقَطْرَۃُ مِن بِحَارِ مَنَاقِبِ النَّبِی وَالْعِتْرَۃِ

کا ترجمہ

مولف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجتہ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور فون: 5425372

نام کتاب .... مناقب اہل بیتؑ (جلد دوم)

مولف .... آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم .... حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

اہتمام .... مولانا ریاض حسین جعفری (فاضل قم)

ناشر .... ادارہ منہاج الصالحین لاہور

پروف ریڈنگ .... غلام حیدر چودھری

ہدیہ .... =/200 روپے

نماز سے فارغ ہوئے تو ان سے فرمایا: کچھ نہیں ہوا، کیوں چیخ رہے ہو! پھر آپ نے اشارہ فرمایا اور کنویں کا پانی اوپر آگیا اور کنارے تک پہنچ گیا، اور سب نے دیکھا کہ ابو محمد یعنی امام عسکریؑ پانی کے اوپر بیٹھے ہیں اور پانی کے ساتھ کھیل رہے ہیں۔

(الخرائج: ۱/۴۵۱ ذیل حدیث ۳۶ بحارالانوار: ۵۰/۲۷۴ حدیث ۴۵)

قلم خود بخود حرکت کر رہا ہے

(۵/۵۰۱) حسین بن عبدالوہابؒ کتاب عیون المعجزات میں ابوہاشم سے نقل کرتے ہیں کہ وہ کہتا ہے: میں امام عسکریؑ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ اس وقت ایک خط لکھنے میں مشغول تھے۔ جیسے ہی نماز کا وقت ہوا تو آپ نے خط چھوڑ دیا اور نماز کے لئے کھڑے ہوگئے، میں نے دیکھا قلم خود بخود کاغذ پر حرکت کر رہا ہے اور باقی خط لکھ دیا اور آخر تک پہنچ گیا۔ میں اس معجزہ کو دیکھ کر سجدے میں گر پڑا۔ امامؑ جب نماز سے فارغ ہوئے تو آپ نے قلم پکڑا اور لوگوں کو ملاقات کی اجازت دی۔

(عیون المعجزات صفحہ ۱۴۳: بحارالانوار: ۵۰/۳۰۴ حدیث ۱۸۰ اثبات الھداۃ ۳/۴۳۰ حدیث)

سید نیک ہوگیا

(۶/۵۰۲) حسن بن محمد قمیؒ کتاب تاریخ قم میں قم کے بزرگوں سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حسین بن حسن جو امامؑ صادقؑ کے پوتوں میں سے تھا۔ قم میں آشکار اور ظاہر بظاہر شراب پیتا تھا۔ ایک دن وکیل اوقاف احمد بن اسحاق کے گھر کسی کام کے لئے گیا۔ لیکن احمد بن اسحاق نے اسے اجازت نہ دی اور وہ بڑے غم واندوہ کے ساتھ واپس لوٹ آیا۔ اس واقعہ کو گذرے ایک مدت ہو چکی تھی، احمد بن اسحاق نے حج کا ارادہ کیا اور سفر کے ارادے سے شہر سے باہر نکلا۔ جیسے ہی سامراء پہنچا تو امام عسکریؑ کے گھر آیا اور حضرت سے اجازت طلب کی لیکن امامؑ نے اسے اجازت نہ دی۔ احمد بن اسحاق امام عسکریؑ کی اس بے اعتنائی کی وجہ سے کافی پریشان ہوئے اور